## متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے تحت رکنیت سازی مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا

## لندن میں مقیم مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے درجنوں نوجوانوں نے رکنیت سازی کے فارم پر کئے

## 21،فروری کو برطانیہ کے شہر برمنگھم،کوونٹری، مانچسٹر اور شیفیلڈ میں رکنیت سازی مہم شروع کی جائے گی

لندن۔۔۔19،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے تحت رکنیت سازی مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم برطانیہ کے یونٹ آفس واقع برنٹ اوک اورلندن کے مختلف علاقوں میں ممبرشپ فارم تقسیم کئے گئے۔رکنیت سازی مہم میں ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ،مختلف یونٹوں کے ذمہ داران ،کارکنان اور ہمدرد نوجوانوں نے حصہ لیا اور رکنیت سازی کے فارم تقسیم کئے۔اس موقع پر لندن میں مقیم مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے درجنوں نوجوانوں نے رکنیت سازی کے فارم پر کئے۔دریں اثناء مورخہ 21،فروری بروز اتوار کو برطانیہ کے شہر برمنگھم،کوونٹری، مانچسٹر اور شیفیلڈ میں رکنیت سازی مہم شروع کی جائے گی۔

ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ، پاکستان کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور عوام کی فلاح وبہبود کیلئے نوجوان نسل کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے تاکہ ملک کو درپیش سنگین بحرانوں سے نجات دلائی جاسکے۔انہوں نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے شہروں میں رکنیت سازی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے دوست احباب کو اس مہم سے آگاہ کریں۔

☆☆☆☆☆